BRAMPTON

**Media Release**

برائے فوری اجراء

## میئر براؤن، کونسلرز، براہ راست موسیقی اور کئی مزید دلچسپیوں سے بھرپور برامپٹن کے ڈرائیو تھرو کینیڈا ڈے کے خوشگوار تجربے سے محروم نہ ہوں

برامپٹن، آن (29 جون 2020) – برامپٹن کے www.brampton.ca/canadaday پرآن لائن کینیڈا ڈے کے پروگراموں کے علاوہ، میئر پیٹرک براؤن اور کونسلرز برامپٹن کے کینیڈا ڈے کے جشن کو سڑکوں پر لے جا رہے ہیں! کونسل کے اراکین 1 جولائی کو وارڈز کے ہر جوڑے تک براہ راست موسیقی، کھانے کے ٹرکس اور مقامی بیکریوں سے مفت کوکیز لا رہے ہیں۔

جشن کی یہ بالمشافہ تقریبات برامپٹن کے ریکریئیشن سنٹرز کے پارکنگ لاٹس کی کھلی فضاء منعقد ہوں گی۔ رہائشیوں سے گزارش کی جاتی ہے کہ وہ گاڑیوں میں آئیں اور ان کے اندر ہی رہیں، تاکہ کورونا وائرس (کووِڈ-19) کے پھیلاؤ کو روکا جا سکے۔ وہ اپنی گاڑیوں سے براہ راست موسیقی سے لطف اندوز ہو سکتے ہیں اور ایک ڈرائیو تھرو فوڈ ٹرک والے طریقے سے خوراک خرید سکتے ہیں۔ میئر اور وارڈ کونسلرز ماسک اور دستانے پہن کر گاڑیوں تک مفت کوکیز پہنچائیں گے، جب تک کی وہ ختم نہیں ہو جاتیں۔

**صبح 11 تا 11:45: وارڈز 1 اور 5**

340 ووڈن اسٹریٹ ایسٹ پر واقع سنچری گارڈنز ریکریئیشن سنٹر میں تشریف لائیں، جہاں آپ کی ملاقات میئر براؤن کے علاوہ کونسلرز روّوینا سینٹوس اور پال ونسینٹے کے ساتھ ہو گی! دی جیز مکینکس کی جانب سے براہ راست موسیقی سے لطف اندوز ہوں، دی مائیٹی کوب سے کھانا خریدیں اور مقامی بیکری اوکیژن (OccaSSions) کی جانب سے ایک مفت کوکی سے لطف اندوز ہوں۔

**دن 12 تا 12:45**: **وارڈز 2 اور 6**

ایلبیٹ اینڈ کُوپر کی جانب سے براہ راست موسیقی سے لطف اندوز ہونے، دی مائیٹی کوب سے کھانا خریدنے اور مقامی گرینڈ بیکرز کی جانب سے ایک مفت کوکی کھانے کے لیے 1050 سینڈل ووڈ پارک وے ویسٹ پر واقع کیسی کیمبیل کمیونٹی سینٹر تشریف لائیں۔ میئر براؤن اور کونسلرز مائیکل پیلیسچی اور ڈَوگ وہلینز آپ کی گاڑی تک آ کر آپ کو کوکیز پہنچائیں گے۔

**دن 1 تا 1:45**: **وارڈز 3 اور 4**

برامپٹن فوک کلب کی جانب سے براہ راست موسیقی سے لطف اندوز ہونے، جیمیز کریکڈ کارن سے کھانا خریدنے اور مقامی کرسٹیناز ٹورٹینا شاپ سے ایک مفت کوکی سے لطف اندوز ہونے، جسے میئر براؤن اور کونسلرز جیف بومین اور مارٹن میڈیروس آپ کی گاڑی تک پہنچاِئں گے، کے لیے 69 ایلیٹ اسٹریٹ پر واقع میموریئل ارینا تشریف لائیں۔

**دن 2 تا 2:45**: **وارڈز 7 اور 8**

سیلٹک بینڈ ایرنز مارلور کی براہ راست موسیقی سے لطف اندوز ہونے، دی مائیٹی کاب سے کھانا خریدنے اور مقامی کیکس بائے ایمیلی کے کی جانب سے ایک مفت کوکی کھانے کے لیے 1100 سینٹرل پارک ڈرائیو پر واقع گرین برائر ریکریئیشن سنٹر تشریف لائیں۔ میئر براؤن اور کونسلرز پیٹ فورٹینی اور شارمین ولیمز موجود ہوں گے۔

**دن 3 تا 3:45**: **وارڈز 9 اور 10**

10150 دی گور روڈ پر واقع تشریف لائیں اور بگھا سنگھ کی جانب سے براہ راست موسیقی سے لطف اندوز ہوں، دی مائیٹی کاب سے کھانا خریدیں اور مقامی بیکریوں لیکٹوز بیکری اور کوکیز بائے ڈیزائن سے ایک مفت کوکی حاصل کریں۔ کونسلرز گرپریت ڈھلون اور ہرکرات سنگھ میئر براؤن کے ساتھ موجود ہوں گے۔

**کرونا وائرس (کووِڈ-19) کے لیے حفاظتی اقدامات**

کورونا وائرس کے پھیلاؤ کو روکنے کے لیے، جسمانی فاصلہ بند کے اقدامات زیر نفاذ ہوں گے اور رہائشیوں سے گزارش کی جاتی ہے کہ وہ کینیڈا ڈے کے ڈرائیو تھرو تجربے کے لیے اپنی گاڑیوں میں رہیں۔ سٹی شرکت کرنے والے افراد پر زور دیتا ہے کہ وہ ماسک پہنیں اور ذاتی جراثیم کش، جیسا کہ ہینڈ سینیٹائزر یا وائپس اپنے پاس رکھیں۔

**کینیڈا ڈے منائیں – آن لائن!**

برامپٹن کے رہائشیوں کو اپنے گھروں سے کینیڈا ڈے منانے میں مدد دینے کے لیے، سٹی جشن کو www.brampton.ca/canadaday پر آن لائن لے کر جا رہا ہے۔ 1 جولائی کو دوپہر سے لے رات 10 بجے تک، رہائشی خاندان دوست سرگرمیوں، ورچوئل آتش بازیوں، خاندانوں کے پسندیدہ اور جونو ایوارڈ یافتہ سپلیش این بوٹس، مقامی فنکاروں، جونو ایوارڈ یافتہ ہیڈ لائنر واک آف دی ارتھ کی جانب سے فن کے مظاہروں اور مزید سے لطف اندوز ہو سکتے ہیں۔

مزید معلومات کے لیے www.brampton.ca/canadaday ملاحظہ کریں۔

**اقتباسات**

"کینیڈا ڈے برامپٹن کا سب سے بڑا جشن ہے اور اگرچہ ہم اس سال چنگواکوسی پارک میں ایک بالمشافہ جشن کا انعقاد نہیں کر سکتے، ہم نے کورونا وائرس (کووڈ-19) کے لیے حفاظتی اقدامات کو اولین رکھتے ہوئے بالمشافہ کینیڈا ڈے منانے کا ایک طریقہ بنایا ہے۔1 جولائی کو ہیلو کہنے کے لیے تشریف لائیں اور پھر آن لائن جشن منانے کے لیے گھر تشریف لے جائیں!"

- *پیٹرک براؤن، میئر، سٹی آف برامپٹن*

*"ہم ایک ساتھ کینیڈا ڈے منانے کے لیے رہائشیوں سے ایک محفوظ اور صحت مند طریقے سے ملنے کے لیے پرجوش ہیں۔ میں تمام لوگوں کی حوصلہ افزائی کرتا ہوں کہ وہ ماسک پہنیں، اچھی حفظان صحت اور جسمانی فاصلہ بندی پر عمل کریں اور کھانے، موسیقی اور لطف کے لیے ہمارے ساتھ بالمشافہ شامل ہوں۔* اس کے بعد www.brampton.ca/canadaday پر آن لائن مظاہروں اور آتش بازیوں سے لطف اندوز ہوں۔"

- *گرپریت ڈھلون، ریجنل کونسلر وارڈز 9 اور 10، سٹی آف برامپٹن؛ چیئر، اکنامک ڈیولپمنٹ اینڈ کلچر*

"چونکہ ہم شہر کو بحفاظت دوبارہ کھولنے کے لیے کام کر رہے ہیں اور ہماری کمیونٹی کینیڈا کی سالگرہ کو منانے کے لیے ایک ساتھ شامل ہو رہی ہے، میں تمام لوگوں کی حوصلہ افزائی کرتا ہوں کہ وہ تقریبات میں حصہ لیں اور فاصلہ رکھ کر جتنا ممکن ہو محفوظ رہ کر جشن منائیں اور پورے برامپٹن میں براہ راست تفریح سے لطف اندوز ہوں۔"

- *مارٹن میڈیروس، ریجنل کونسلر وارڈز 3 اور 4؛ لیڈ، ری اوپننگ اینڈ ریکوری ورکنگ گروپ، سٹی آف برامپٹن*

"میئر اور اپنے کونسلرز سے ملاقات سے لے کر براہ راست تفریح، فن کے آن لائن مظاہروں، خاندان دوست سرگرمیوں اور آتش بازیوں تک، ہر شخص کے لیے اس کینیڈا ڈے کو منانے کے لیے صحت مند اور محفوظ طریقے موجود ہیں۔ براہ کرم محفوظ رہیں، جسمانی فاصلہ بندی پر عمل کریں اور اپنے گھر سے آن لائن رات کا اختتام کریں۔"

- *ڈیوڈ بیرک، چیف ایڈمنسٹریٹو آفیسر، سٹی آف برامپٹن*

30--

**کینیڈا میں تیز ترین رفتار سے بڑھنے والے شہروں میں سے ایک کے طور پر برامپٹن 650,000 لوگوں اور 70,000 کاروباروں کا گھر ہے۔** ہمارے ہر عمل کا مرکز عوام ہوتے ہیں۔ ہمیں اپنی متنوع کمیونٹی سے توانائی ملتی ہے، ہم سرمایہ کاری کے لیے کشش پیدا کرتے ہیں اور ہم ٹیکنالوجی اور ماحولیاتی جدت میں رہنما کردار ادا کرنے کے سفر پر نکل رہے ہیں۔ ہم ایک صحت مند شہر کی تعمیر میں بڑھوتری کے لیے مل کر کام کرتے ہیں، جو محفوظ، قابل استحکام اور کامیاب ہو۔ ہمارے ساتھ ٹوئٹر، فیس بک اور انسٹاگرام پر مربوط ہوں۔ www.brampton.ca پر مزید جانیں۔

**میڈیا کنٹیکٹ**

مونیکا ڈوگال
کوآرڈینیٹر، میڈیا اینڈ کمیونٹی انگیجمنٹ
اسٹریٹیجک کمیونیکیشن
سٹی آف برامپٹن
905-874-3426 |Monika.Duggal@brampton.ca